کتابِ مُقدّس

کتابِ مُقدّس

THE HOLY BIBLE

New Urdu Bible Version

International Bible Society

کتابِ مُقدّس

(Kitab-e-Muqaddas)

THE HOLY BIBLE

Urdu

New Urdu Bible Version (NUBV)

© 2005 International Bible Society
All rights reserved

Published by
International Bible Society
1820 Jet Stream Drive
Colorado Springs, Co 80921-3696
UNITED STATES OF AMERICA

Printed at
Clays Ltd, UK

فہرستِ کُتُب

پرانا عہد نامہ

نمبر شمار	کتاب کا نام	صفحہ	نمبر شمار	کتاب کا نام	صفحہ
	دیباچہ	الف	۲۰	اِمثال	۶۱۸
۱	پیدایش	۱	۲۱	واعِظ	۶۵۵
۲	خُرُوج	۵۵	۲۲	غزلُ الغزلات	۶۶۷
۳	احبار	۹۴	۲۳	یسعیاہ	۶۷۴
۴	گِنتی	۱۲۲	۲۴	یرمیاہ	۷۵۲
۵	اِستِثنا	۱۶۲	۲۵	نَوحہ	۸۲۵
۶	یشُوع	۱۹۷	۲۶	حِزقی ایل	۸۳۴
۷	قُضاۃ	۲۲۰	۲۷	دانی ایل	۸۸۷
۸	رُوت	۲۴۶	۲۸	ہوسیع	۹۰۳
۹	۱۔سموئیل	۲۵۰	۲۹	یُوایل	۹۱۵
۱۰	۲۔سموئیل	۲۸۴	۳۰	عامُوس	۹۲۰
۱۱	۱۔سلاطین	۳۱۳	۳۱	عبدیاہ	۹۳۰
۱۲	۲۔سلاطین	۳۴۶	۳۲	یُوناہ	۹۳۲
۱۳	۱۔تواریخ	۳۷۷	۳۳	مِیکاہ	۹۳۵
۱۴	۲۔تواریخ	۴۰۷	۳۴	ناحُوم	۹۴۲
۱۵	عزرا	۴۴۲	۳۵	حبقُوق	۹۴۶
۱۶	نحمیاہ	۴۵۳	۳۶	صفنیاہ	۹۵۰
۱۷	آستر	۴۶۹	۳۷	حجّی	۹۵۴
۱۸	ایُّوب	۴۷۷	۳۸	زکریاہ	۹۵۶
۱۹	زبُور	۵۱۴	۳۹	ملاکی	۹۶۵

فہرستِ کُتُب

نیا عہدنامہ

نمبر شمار	کتاب کا نام	صفحہ	نمبر شمار	کتاب کا نام	صفحہ
۱	متّی کی اِنجیل	۹۷۱	۱۵	تِمُتھِیُس کے نام پہلا خط	۱۱۹۳
۲	مَرقُس کی اِنجیل	۱۰۰۶	۱۶	تِمُتھِیُس کے نام دُوسرا خط	۱۱۹۷
۳	لُوقا کی اِنجیل	۱۰۲۹	۱۷	طِطُس کے نام خط	۱۲۰۰
۴	یُوحنّا کی اِنجیل	۱۰۶۶	۱۸	فِلیمون کے نام خط	۱۲۰۲
۵	رسُولوں کے اعمال	۱۰۹۵	۱۹	عبرانیوں کے نام خط	۱۲۰۳
۶	رومیوں کے نام پولُس رسُول کا خط	۱۱۳۰	۲۰	یعقُوب کا عام خط	۱۲۱۵
۷	کُرِنتھیوں کے نام پہلا خط	۱۱۴۶	۲۱	پطرس کا پہلا عام خط	۱۲۱۹
۸	کُرِنتھیوں کے نام دُوسرا خط	۱۱۶۰	۲۲	پطرس کا دُوسرا عام خط	۱۲۲۴
۹	گلتیوں کے نام کا خط	۱۱۷۰	۲۳	یُوحنّا کا پہلا عام خط	۱۲۲۶
۱۰	اِفسیوں کے نام کا خط	۱۱۷۵	۲۴	یُوحنّا کا دُوسرا عام خط	۱۲۳۱
۱۱	فِلپّیوں کے نام کا خط	۱۱۸۰	۲۵	یُوحنّا کا تیسرا عام خط	۱۲۳۱
۱۲	کُلسیّوں کے نام کا خط	۱۱۸۴	۲۶	یہوداہ کا عام خط	۱۲۳۲
۱۳	تھِسّلُنیکیوں کے نام پہلا خط	۱۱۸۸	۲۷	یُوحنّا عارف کا مُکاشفہ	۱۲۳۳
۱۴	تھِسّلُنیکیوں کے نام دُوسرا خط	۱۱۹۱		فرہنگ	۱۲۵۲

دیباچہ

کتابِ مُقدّس کا ایک نیا اُردو ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اِس ترجمہ کی بنیاد کتابِ مُقدّس کے انگریزی ترجمہ The Holy Bible, New International Version پر رکھّی گئی ہے جو ۱۹۶۵ء میں شروع کیا گیا تھا اور جسے انٹرنیشنل بائبل سوسائٹی نے نظرِ ثانی کے بعد ۱۹۸۳ء میں شائع کیا تھا۔ اُس کے انگریزی مُترجمین میں ایک سَو (۱۰۰) سے زیادہ مسیحی عُلماء شامل تھے جو عبرانی، آرامی اور یُونانی زبانوں پر عُبور رکھتے تھے۔ عُلماء کی یہ جماعت مختلف کلیسیاؤں سے تعلّق رکھتی تھی اور اسے امریکہ، انگلستان، کینیڈا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کی مختلف کلیسیاؤں کے سربراہوں کی حمایت حاصل تھی۔ لہٰذا یہ انگریزی ترجمہ بین الاقوامی حیثیت رکھتا ہے۔ اِس ترجمہ کا ایک بڑا جزپُرانا عہد نامہ کہلاتا ہے اور دُوسرا چھوٹا جز نیا عہد نامہ۔

پُرانا عہد نامہ اُنتالیس (۳۹) اور نیا عہد نامہ ستائیس (۲۷) کتابوں اور رسالوں پر مشتمل ہے۔ پُرانا عہد نامہ کتابِ مُقدّس کا وہ حِصّہ ہے جو خداوند یسُوعؔ مسیح کے دُنیا میں آنے سے قبل لکھّا گیا اور جس میں وہ عہد شامل ہے جو خُداوند خُدا نے اپنے برگزیدہ لوگوں سے کوہِ سیناؔ پر باندھا تھا۔ نیا عہد نامہ جو خُداوند یسُوعؔ مسیح کے آنے کے بعد لکھّا گیا' وہ عہد ہے جو خُداوند خُدا نے بنی نوعِ انسان کے ساتھ کوہِ کلوریؔ پر اُستوار کیا تھا۔

مُترجمین نے کتابِ مُقدّس کو انگریزی میں ترجمہ کرنے کے لئے مختلف زبانوں کے ترجموں سے مدد لی لیکن اُن کی نظر میں بالخصُوص عبرانی اور یُونانی زبان کے تراجم رہے اور یُوں کتابِ مُقدّس جس کا محور اور مرکز خداوند یسُوعؔ مسیح ہیں طباعت کے مراحل طے کرتی ہُوئی ہم تک پہنچی ہے۔

ساری کتابِ مُقدّس کا نیا اُردو ترجمہ شائع کرنے سے پہلے مناسب سمجھا گیا کہ صرف نئے عہد نامہ کا' جو مُقدّس اِنجیل کے نام سے ساری دنیا میں مشہور ہے' ترجمہ کیا جائے اور اُسے عوام وخواص کے مطالعہ کے لیے فراہم کر دیا جائے تاکہ قارئین کرام کی اِس نئے ترجمہ کے بارے میں رائے جانی جا سکے۔

اس نئے اُردو ترجمہ کی نظامت اور نگرانی کے لیے ایک کمیٹی بنائی گئی جس کے تحت نئے عہد نامہ (اِنجیلِ مُقدّس) کی پہلی چار کتابوں کا ترجمہ الگ الگ جلدوں میں شائع کیا گیا۔ ترجمہ کا کام مختلف مُترجمین کو سونپا گیا۔ یہ مُترجمین مسیحی ہیں اور اُردو زبان وادب سے گہرا تعلّق رکھتے ہیں بلکہ کتابیں بھی تصنیف کر چُکے ہیں۔ یہ ترجمہ مختلف مراحل سے گزرتا ہُوا کمیٹی کے صدر کے پاس پہنچا جس نے کمیٹی کے ارکان کی مدد سے اسے صحتِ زبان اور مسیحی علم الکلام کے اُصولوں پر جانچا اور پرکھا اور نظرِ ثانی کے بعد طباعت کے لیے تیّار کیا۔

طباعت کے بعد یہ چاروں کتابیں بھارت اور پاکستان کے مختلف شہروں میں اُردو دان حضرات وخواتین کو بغرضِ مطالعہ ارسال کی گئیں اور اُن سے درخواست کی گئی کہ اِس نئے ترجمہ کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں اور اپنے مشورے کمیٹی کو بھجوا دیں۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ اِن چاروں کتابوں کے ترجمہ کو قارئین نے پسند فرمایا اور ساتھ ہی اپنے مفید مشورے بھی دیئے۔ اُنہی مشوروں کی روشنی میں اِنجیلِ مُقدّس کی باقی کتابوں کا ترجمہ کیا گیا اور یوں اِنجیلِ مُقدّس (نیا عہد نامہ) کا یہ اُردو ترجمہ عوام وخواص کی خدمت میں پہنچا ہے۔ پُرانے عہد نامہ کے ترجمہ کے سلسلہ میں بھی ان اُصولوں میں سے بعض پر عمل کیا گیا اور یوں پُرانے اور نئے عہد نامہ کا یہ نیا اُردو ترجمہ کتابِ مُقدّس کے مبارک نام سے آپ تک پہنچا ہے۔

کمیٹی کے ارکان نے کتابِ مُقدّس کے انگریزی ترجمہ کے علاوہ اُردو، ہندی، عربی، فارسی اور بعض دیگر زبانوں کے متداول ترجموں سے بھی کام لیا ہے۔ اگرچہ ہم نے کوشش کی ہے کہ یہ ترجمہ آسان اُردو اور روزمرّہ کی زبان میں پیش کیا جائے پھر بھی بعض غیر مانُوس الفاظ اس میں راہ پا گئے ہیں۔ ایسے تمام الفاظ (اور بعض غیر زبانوں کی اصطلاحات) کتاب کے آخر میں اپنے معانی سمیت درج کر دیئے گئے ہیں تاکہ قارئین کو اُنہیں سمجھنے میں کسی ضخیم لُغت یا دوسری کتابوں کا سہارا نہ لینا پڑے۔ لیکن ایک بات ضروری ہے کہ پُرانے عہد نامہ میں جن اقوام اور اُمّم کے بارے میں بعض اطّلاعات فراہم کی گئی ہیں اُن کی تاریخ سے واقف ہونا قارئین کے لیے کافی مفید ہوگا۔

یہ نیا اُردو ترجمہ محض آپ کے شخصی مطالعہ کے لیے ہی نہیں بلکہ آپ (خصوصاً پیروانِ مسیح) اگر چاہیں تو اِسے عبادتگاہوں میں، مسیحی اسکُولوں، کالجوں اور دینی درسگاہوں اور بشارتی مُہموں میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

مُقدّس بائبل کا یہ اوّلین اُردو ترجمہ ہے جس کی کتابت کمپیوٹر پر کی گئی ہے اور جس کی طباعت کے لیے اعلیٰ اور جدید تکنیکی وسائل سے استفادہ کیا گیا ہے۔

یہ خدا کا کلام ہے اور کتابِ مُقدّس ایک الہامی کتاب ہے جو ہماری فلاح اور بہبُود کے لیے اِنسانی زبان میں لکھی گئی ہے۔ یہ ہماری زندگی کے لیے مشعلِ راہ کا کام دیتی ہے اور اِس تاریک دُنیا میں ہمیں کامل رُوحانی مسرّت کی آخری نُورانی منزل تک پہنچاتی ہے۔ ہمیں اُمّید ہے کہ اُردو دان خواتین وحضرات اور طلبہ وطالبات کتابِ مُقدّس کو مورِدِ مطالعہ قرار دیں گے اور ہمارے مُنجّی خداوند یسُوعؔ مسیح سے آشنا ہوں گے۔

ترجمہ کمیٹی
اِنٹرنیشنل بائبل سوسائٹی

(اِس ترجمہ میں جہاں جہاں ''پاک رُوح'' کو بطور مذکّر استعمال کیا گیا ہے وہاں ہماری مُراد رُوحُ القُدس سے ہے اور جہاں جہاں ''خداوند خدا'' کی اصطلاح استعمال ہُوئی ہے اُس سے ہماری مُراد ہے خدائے قادر یا قادرِ مُطلق خدا۔)

کتابِ مُقدّس

پرانا عہدنامہ